حکومتِ پاکستان

مارچ

۲۰۲۶

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

ہفتہ ۱

۱-۷ مارچ

قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸/۲

اسلام آباد، پاکستان

حکومت پاکستان
محکمہ موسمیات
قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

فون:051 -9250598
فیکس:051 -9250368

۹مارچ،۲۰۲۶

مارچ ۲۰۲۶ کے پہلے ہفتے (۱تا۷مارچ) کے دوران بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے بعض علاقوں میں ہلکی بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ ملک کے باقی حصوں میں کوئی بارش ریکارڈ نہیں کی گئی، جیسا کہ تصویر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ تصویر ۲ میں ہفتہ وار بارش کا موسمیاتی معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) سے انحراف پیش کیا گیا ہے جس کے مطابق ملک بھر میں بارش معمول سے کم رہی، جبکہ بالائی علاقوں میں نمایاں منفی انحراف ریکارڈ کیا گیا جو زیادہ سے زیادہ منفی ۵۰ ملی میٹر تک رہا۔



تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم



تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں یکم تا ۷ مارچ ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجۂ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق درجۂ حرارت ۶ سے ۲۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ ملک کے بالائی حصوں میں درجۂ حرارت ۶ سے ۲۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا، جبکہ وسطی اور جنوبی علاقوں میں درجۂ حرارت ۲۰ سے ۲۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ تصویر ۴ میں درجۂ حرارت کا ہفتہ وار موسمیاتی معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) سے انحراف پیش کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجۂ حرارت معمول سے زیادہ رہا۔ بلوچستان کے مغربی حصوں میں درجۂ حرارت ہفتہ وار معمول سے ۸ ڈگری سینٹی گریڈ تک زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم



تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں مارچ کے پہلے ہفتے (۱تا۷مارچ) کے دوران معمول کی بارش کی موسمیاتی اوسط کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے حوالہ جاتی دورانیے پر مبنی ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں عموماً ۱۰ سے ۱۰ ملی میٹر تک بارش ریکارڈ کی جاتی ہے۔ تاہم آزاد جموں و کشمیر، خیبر پختونخوا اور بالائی پنجاب میں بارش عموماً ۱۰ سے ۵۰ ملی میٹر کے درمیان ہوتی ہے۔ تصویر ۶ میں یکم تا ۷ مارچ کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے موسمیاتی دورانیے پر مبنی ہے۔ خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر، بالائی پنجاب اور بلوچستان کے بعض حصوں میں اوسط درجہ حرارت ۲ سے ۱۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے، جبکہ ملک کے وسطی اور جنوبی حصوں میں درجہ حرارت عموماً ۱۸ سے ۲۴ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا جاتا ہے۔



تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو ظاہر کرتی ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں ۲۴ فروری ۲۰۲۶ سے ۲ مارچ کے دوران پاکستان بھر میں مٹی کی نمی کی صورتحال کو پیش کرتی ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸تا۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کی کیفیت کو تاریخی موسمیاتی ریکارڈ کی بنیاد پر Percentile درجہ بندی میں ظاہر کیا گیا ہے، جہاں کم فیصد (سرخ رنگ) معمول سے خشک حالات جبکہ زیادہ فیصد (سبز رنگ) معمول سے زیادہ نمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ جنوبی اور جنوب مغربی علاقوں میں نمی کی سطحیں عمومی طور پر معمول کے قریب رہیں، جبکہ گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر، خیبر پختونخوا اور پنجاب میں نمایاں طور پر معمول سے کم نمی کی صورتحال ریکارڈ کی گئی، جو ہائیڈرولوجیکل دباؤ کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

۸ سے ۱۴ مارچ کے دوران موسم کی پیشگوئی

۸ تا ۱۴ مارچ ۲۰۲۶ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں عمومی طور پر خشک موسم متوقع ہے۔ تاہم بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں بالخصوص ۹ تا ۱۰ مارچ کے دوران جزوی طور پر ابر آلود موسم کے ساتھ بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کا امکان ہے، جبکہ اس عرصے کے دوران چند مقامات پر ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ ۱۱ تا ۱۲ مارچ کے دوران بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، مری، گلیات، خطہ پوٹھوہار اور بالائی پنجاب کے چند مقامات پر تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش کا امکان ہے، جبکہ ملک کے بیشتر دیگر حصوں میں موسم عمومی طور پر خشک رہے گا۔ ۱۳ تا ۱۴ مارچ کے دوران گلگت بلتستان اور کشمیر میں جزوی طور پر ابر آلود موسم کے ساتھ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے

Government of Pakistan

March

2026

Weekly Weather Update

Week-1

1st - 7th March

National Drought Monitoring and Early Warning Centre

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Dated: 9th March, 2026

Weekly Weather Update

During the first week of March 2026 (1-7 March), light rainfall was recorded in parts of upper Khyber Pakhtunkhwa (KP) and Gilgit Baltistan (GB) whereas, rest of the country received no rainfall as illustrated in Fig 1. Figure 2 presents a comparison of weekly rainfall with the climatological normal (1991-2020). Rainfall remained below normal throughout the country with significant departures of up to -50 mm in upper parts of the country.



Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)



Figure 2: Departure of Rainfall (mm)

Figure 3 illustrates the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the period 1 to 7 March 2026, where temperatures were recorded between 6 and 28°C. In upper parts of the country, temperature ranged between 6°C and 20°C. In contrast, temperatures ranged from 20°C to 28°C in central and southern parts of the country. Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991-2020). During this week, in most parts of the country, the mean temperature remained above normal. Western parts of Balochistan recorded up to 8°C above weekly normal.



Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)



Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 illustrates the climatological mean spatial distribution of rainfall for the first week of March (1-7 March), based on the 1991-2020 reference period. During this week, most parts of the country typically receive rainfall ranging from 1 mm to 10 mm. However, AJK, KP and upper Punjab receive rainfall ranging from 10 mm to 50 mm. Figure 6 shows the spatial distribution of mean temperature during the 1st week of March, based on the 1991-2020 period. Mean temperature in KP, GB, AJK, upper Punjab and parts of Balochistan ranges from 2°C to 18°C. In contrast, central and southern parts of country record temperature between 18°C to 24°C.



Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)



Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)

Figure 7 illustrates anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, representing soil moisture conditions across Pakistan during 24 February to 02 March 2026, relative to the long-term average (1948-2012). Drought conditions are expressed in percentile ranks based on historical climate records, where lower percentiles (red shades) indicate drier-than-normal conditions and higher percentiles (green shades) represent wetter-than-normal conditions. While southern and southwestern regions maintain near-normal moisture levels, significantly below-normal conditions in GB, AJK, KP, and Punjab signal prevailing hydrological stress.



Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)

Forecast for 8th to 14th March, 2026

Mainly dry weather is expected across most parts of the country from 8-14 March 2026. However, partly cloudy to cloudy conditions with rain, wind, and thunderstorms are likely in upper Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, and the Potohar Region, particularly around 9-10 March, with chances of isolated hailstorms during this period. From 11-12 March, light to moderate rain with gusty winds may occur at isolated places in upper Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, Murree, Galiyat, Potohar Region, and upper Punjab, while most other parts of the country will remain mainly dry. During 13-14 March, mainly dry weather is expected nationwide, although partly cloudy conditions with isolated rain or thunderstorms may occur in Gilgit-Baltistan and Kashmir.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php